# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ملتان

نمبر :214 /اے ایس(جنرل) — **نوٹیفکیشن** — مورخہ: **01.04.2023**

061-9210019
تعلیمی بورڈ ملتان کی Official ویب سائٹ :
www.bisemultan.edu.pk

بجانب: بخدمت جناب سربراہان ادارہ جات۔

گورنمنٹ / الحاق شدہ / کمیونٹی / ہائی / ہائر سیکنڈری سکولز(بوائز اینڈ گرلز)، ملتان ڈویژن، ملتان۔

عنوان: **آن لائن رجسٹریشن داخلہ شیڈول برائے داخلہ و تکمیل رجسٹریشن ریٹرن برائے جماعت نہم تعلیمی سیشن 2025-2023 معہ ہدایات ۔**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئر مین نے مراسلہ نمبر 504-SY/PBCC/LHR مورخہ 06.03.2023 کی روشنی میں جماعت نہم میں داخلہ برائے تعلیمی سیشن 25-2023 کے لیے سرکلر ہذا جاری کیا ہے۔ لہٰذا تعلیمی ادارہ جات رجسٹریشن کا عمل 15-05-2023 تک مکمل کر کے آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی اور بینک میں ادا شدہ آن لائن فیس چالان مورخہ 15-05-2023 تک شعبہ سہولت مرکز تعلیمی بورڈ ملتان میں جمع کروانے کو یقینی بنائیں۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ فارورڈنگ لیٹر ارسال کرنا ضروری ہے۔ جمع شدہ فیس چالان فارورڈنگ لیٹر کی پشت پر چسپاں کریں۔

## (1) داخلہ شیڈول

داخلہ شیڈول درج ذیل ہے۔

| Sr. # | Schedule | Last date for Registration in Educational Institutions, online data entry, submission of Original Paid Online Bank Challan and hard copy of Registration Return to the Board. |
|---|---|---|
| 1- | Admission in Class 9th without late fee. | 01.04.2023 to 15.05.2023 |
| 2- | Admission in Class 9th with late fee of Rs. 600/- per student (payable to Board) | 16.05.2023 to 30.05.2023 |

## (2) شرح فیس

فیس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 01 | رجسٹریشن فیس فی طالب علم | 1000/- روپے |
| 02 | پراسیسنگ فیس، سپورٹس، سکالرشپ فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ وغیرہ (الحاق شدہ ادارہ جات کے لیے | 1180/- روپے |
| 03 | بغیر لیٹ فیس سرکاری ادارہ جات پراسیسنگ فیس، سپورٹس، سکالرشپ فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ وغیرہ | 1180 /- روپے |
| 04 | لیٹ داخلہ فیس فی طالبعلم / طالبہ سرکاری ادارہ جات | Rs.1180+600=1780/- |
| 05 | داخلہ بغیر لیٹ فیس برائے پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات | 2180/- روپے |
| 06 | لیٹ داخلہ فیس پرائیویٹ ادارہ جات | Rs.2180+600=2780/- |
| 07 | کوائف (نام، ولدیت، "ب" فارم نمبر، شناختی کارڈ نمبر، فون نمبر، تاریخ پیدائش وغیرہ) درستی فیس | 750/- روپے فی درستی |
| 08 | تصویر درستی فیس | 1050/- روپے |
| 09 | مضمون درستی فیس | 2000/- روپے فی مضمون |
| 10 | گروپ تبدیلی / درستی فیس | 2500/- روپے |
| 11 | مائیگریشن فیس (ملتان بورڈ کی حدود میں ایک ادارے سے دوسرے ادارے میں مائیگریشن) | 7500/- روپے |
| 12 | ثنیٰ رجسٹریشن کارڈ | 500/- روپے |
| 13 | رجسٹریشن ریٹرن میں تصویر Scan نہ ہونے کی صورت میں فیس | 300/- روپے فی طالب علم / طالبہ |
| 14 | ری ایڈمشن فیس | 1845/- روپے |
| 15 | Affiliation Book/Form | 1200/- روپے |
| 16 | Change in Address/Building of Affiliated Institution | 10000/- روپے |

## (3) قواعد و ضوابط برائے داخلہ / تکمیل رجسٹریشن

(1) حسب شیڈول فیس حبیب بنک کی کسی بھی منظور شدہ برانچ یا HBL Konnect کے ذریعے جمع کروائی جاسکتی ہے۔ دفتر ہذا کے کسی ملازم یا کسی پرائیویٹ فرد کو نقدی کی صورت میں فیس نہ دیں بصورت دیگر ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔

(2) جملہ تعلیمی ادارے حکومت پنجاب کی جاری کردہ ہدایات / SOPs برائے کرونا وائرس پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

گورنمنٹ سکول میں زیر تعلیم نہ ہوں۔ خلاف ورزی کی صورت میں حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ تاریخ داخلہ کا مقررہ شیڈول گزرنے کے بعد کاپی دفتر میں جمع نہ ہونے کی صورت میں امیدوار کا داخلہ اس شیڈول میں تصور نہ کیا جائے گا۔

## (6) رجسٹریشن کیلئے طلباء وطالبات کی عمر کی حد

ہر ادارہ داخلہ کرتے وقت اس بات کو یقینی بنائے کہ داخل شدہ طالب علم / طالبہ کی عمر نہم کا امتحان دینے والے سال میں (یکم اگست کو) 13 سال اور دہم کا امتحان دینے والے سال میں (یکم اگست کو) 14 سال سے کم نہیں ہونی چاہیے۔ مزید وضاحت کی جاتی ہے کہ امسال جماعت نہم میں 01.08.2011 کے بعد کی تاریخ پیدائش والے طالب علم / طالبہ کی رجسٹریشن / داخلہ نہیں کیا جا سکتا۔ عدم تعمیل کی صورت میں امیدوار / ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔ واضح رہے کہ امسال جماعت نہم میں رجسٹریشن کے لیے یکم اگست 2023 کو طلباء وطالبات کی عمر 12 سال ہونا لازمی ہے۔

## (7) دوسرے بورڈ سے آنے والے طلباء وطالبات کا داخلہ وترسیل ریٹرن۔

(1) ملتان بورڈ کے علاوہ کسی دوسرے بورڈ سے 9th اور 10th کلاس میں N.O.C لے کر آنے والے طلباء وطالبات حسب ضابطہ داخل کیے جاسکتے ہیں۔ ایسے طلباء وطالبات کا اصل N.O.C اور سابقہ سکول چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل بمعہ رجسٹریشن، پراسیسنگ فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ مبلغ -/2180 روپے (صرف الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ ہونے کی صورت میں) کا اور سرکاری ادارہ جات کے طلباء وطالبات -/1180 روپے کا بینک چالان رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ ارسال کریں۔ ایسے طلباء وطالبات کا داخلہ سابقہ سکول کی تاریخ خارج کے 30 ایام کے اندر کرنا ہوگا۔ 30 ایام کے بعد داخلہ قابل قبول نہیں ہوگا۔ اور اسکی رجسٹریشن ریٹرن معہ فیس تاریخ داخلہ سے 15 ایام کے اندر دفتر بورڈ میں موصول ہونی چاہیے۔ بصورت دیگر حسب ضابطہ لیٹ ریٹرن جرمانہ کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

(2) N.O.C کی بنیاد پر جماعت نہم میں داخل ہونے والے طلباء وطالبات کی رجسٹریشن ریٹرن بھی آن لائن کریں۔ دہم جماعت میں دوسرے بورڈ سے N.O.C لے کر آنے والے طلباء وطالبات کی رجسٹریشن ریٹرن (Manual) بنا کر ارسال کریں۔

## (8) ملتان بورڈ کی حدود میں مائیگریشن

(1) Migration from one institution to another should be allowed before closing of schedule of submission of admission forms with double fee. However, in case of transfer of parents/guardian, the migration may be allowed up to 20 days before conduct of examination.

(2) ایک ادارہ سے دوسرے تعلیمی ادارہ میں مائیگریشن میٹرک (9th & 10th) پہلا سالانہ امتحان 2024 کے داخلہ فارم جمع ہونے کی ڈبل فیس کی تاریخ تک کرائی جاسکتی ہے۔ جس کی اجازت مجوزہ فارم اور فیس کی ادائیگی کے بعد دفتر بورڈ سے حاصل کرنا ہوگی۔ سربراہان ادارہ جات داخلہ فارم بورڈ میں جمع ہونے کے بعد مائیگریشن فارم تصدیق کرنے سے اجتناب کریں۔

## (9) آن لائن رجسٹریشن پراسس (Process) کرنے کا طریقہ کار

(1) آن لائن رجسٹریشن پراسس کرنے کے لیے ہر ادارہ کو اس کا User Name/Code اور Password پہلے ہی جاری کر دیا گیا ہے۔ داخل شدہ طلباء وطالبات کے جملہ کوائف بغور چیک کر کے آن لائن کریں اور امیدواران کے تمام کوائف CAPITAL حروف میں Feed کیے جائیں۔ پروف پرنٹ ہر گز جمع نہ کروایا جائے۔ اس پر کسی قسم کی کاروائی عمل میں نہ لائی جائے گی۔

(2) آن لائن سسٹم سے پرنٹ کی گئی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی میں کسی قسم کی Forgery/ Tempering/Cutting/Overwriting نہ کی جائے اور نہ ہی انک ریموور اور فلیوڈ کا استعمال کیا جائے۔ کسی بھی قسم کی درستی / تبدیلی کیلئے حسب ضابطہ بورڈ ہذا میں Apply کیا جائے۔

(3) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط اور مہر ثبت ہونا لازمی ہیں اور ریٹرن کے ہر صفحہ پر سکول کا نام Printed ہو نیز سربراہ ادارہ سرٹیفکیٹ دے گا کہ ریٹرن میں درج کوائف / مضامین سکول ریکارڈ کے مطابق بالکل درست ہیں۔

(4) آن لائن ریٹرن پر صفحات کا اندراج کریں اور اس امر کا سرٹیفکیٹ دیں کہ ریٹرن ______ صفحات پر مشتمل ہے۔ مزید یہ کہ ریٹرن کی ہارڈ کاپی حسب شیڈول دستی یا رجسٹرڈ ڈاک کے ذریعے (Facilitation Center سہولت مرکز) BISE, Multan کو براہ راست ارسال کریں۔

(5) الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات آن لائن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ہمراہ بورڈ سے الحاق کے لیٹر کی کاپی ضرور منسلک کریں۔ مضامین کے کالم میں صرف اختیاری مضامین کا اندراج کریں۔ مضامین کا اندراج احتیاط سے کیجیے کیونکہ داخلہ فارم میں مضامین کے غلط اندراج کا فیصلہ ریٹرن کے مطابق ہوگا۔ امیدوار کے غیر مسلم ہونے کی صورت میں اسلامیات لازمی کی بجائے اخلاقیات (Ethics) بطور اختیاری مضمون بھی رکھا جاسکتا ہے۔

## (10) مقررہ شیڈول کے بعد موصول ہونے والی ریٹرن

مقررہ شیڈول کے مطابق رجسٹریشن، پروسیسنگ فیس جمع کروانے کے باوجود رجسٹریشن ریٹرن فارم اور فیس چالان بر وقت بورڈ آفس جمع نہ ہونے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد یومیہ مبلغ -/500 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارے کی ریٹرن اور فیس چالان موصول نہ ہونے کی صورت میں بھی واجب الادا ہوگا اور ایک طالب علم کی رجسٹریشن ریٹرن اور فیس چالان موصول نہ ہونے پر بھی واجب الادا ہوگا۔ جرمانہ ناقابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس بارے میں اپیل کی جاسکے گی۔

## (11) امیدواران کے کوائف کی درستی کا طریقہ کار

(1) رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء / طالبات کے نام، ولدیت، تاریخ پیدائش میں درستی جماعت نہم کا رزلٹ شائع ہونے سے پہلے کی جاسکے گی۔ تاریخ پیدائش Age limit (Under Age) سے کم ہونے کی صورت میں درستی عمل میں نہیں لائی جائے گی۔ جماعت نہم کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد نام، ولدیت، تاریخ پیدائش میں درستی بورڈ کی طرف سے قائم کردہ مجوزہ کمیٹی کرے گی (بجز دفتری غلطی کے)۔

(2) رجسٹریشن ریٹرن پر سیریل نمبر، تاریخ داخلہ، نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، مضامین میں Fluid/Ink Remover کا استعمال، Tempering, Cutting یا Overwriting /Forgery کی صورت میں مجوزہ فیس کی ادائیگی کے بعد درستی ہوگی۔

(3) رجسٹریشن ریٹرن میں کوائف سے متعلق ضروری درستی رجسٹر داخل / خارج کی مصدقہ نقل بمعہ اصل رجسٹر داخل خارج پیش کرنے اور درستی فیس کے بنک چالان کی فراہمی پر کی جائے گی۔ اگر اصل رجسٹر داخل / خارج (سیکنڈری کلاس) متعلقہ اندراج میں کٹنگ انک ریمور، فلیوڈ، اوور رائٹنگ یا مشکوک ہو تو ایسی صورت میں مڈل / پرائمری کا داخل وخارج رجسٹر بمعہ مصدقہ نقل پیش کرنا ہوگا۔ تاہم سربراہ ادارہ طلباء وطالبات کے 'ب' فارم کے مطابق متعلقہ کوائف میں اگر درستی کرے تو درستی کی صورت میں متعلقہ اندراج پر مہر و دستخط ثبت کرنا لازمی ہوگا۔

## 12 مضامین، گروپ اور تصویر کی درستی

(1) رجسٹریشن ریٹرن میں مضمون اور گروپ کی درستی / تبدیلی امتحانی شیڈول جاری ہونے سے قبل تک رجسٹریشن برانچ سے درستی کروائی جاسکتی ہے۔ امتحانی شیڈول جاری ہونے کے بعد مضمون / گروپ کی درستی میٹرک برانچ کرے گی۔

(2) رجسٹریشن ریٹرن میں طلباء وطالبات کی تصویر درستی جماعت نہم کے امتحان شروع ہونے سے قبل تک کی جاسکے گی۔ امتحان شروع ہونے کے بعد اور جماعت نہم کا رزلٹ شائع ہونے سے پہلے تصویر کی درستی میٹرک برانچ کرے گی۔ جبکہ جماعت نہم کے رزلٹ شائع ہونے کے بعد تصویر کی درستی شعبہ ڈسپلن بذریعہ ڈسپلن کمیٹی کرے گی۔

(3) ریٹرن میں فوٹوسکین نہ ہونے کی صورت میں مجوزہ فیس کی ادائیگی کے بعد اسکی درستی جماعت نہم کا امتحان شروع ہونے سے پہلے کرائی جا سکتی ہے۔

## 13 امتحانی سنٹر پر پریکٹیکل لیبارٹری کی فراہمی

ادارہ جات بورڈ امتحانات کے لیے بلڈنگ برائے امتحانی سنٹر، پریکٹیکل لیبارٹری اور فرنیچر اور امتحان دینے والے طلباء وطالبات کو سہولیات فراہم کرنے کے پابند ہوں گے۔

## 14 شفاف امتحان کے انعقاد کے لیے سپروائزری / مارکنگ سٹاف کے کوائف کی فراہمی

شفاف امتحان کے انعقاد اور معیاری مارکنگ کے لیے اپنے ادارہ کے جملہ اساتذہ کرام کے مکمل کوائف آن لائن سسٹم سے پرنٹ کر کے رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ جمع کروائیں۔

## 15 Translation of the Holy Quran

(1) The Punjab compulsory teaching of the Holy Quran (Amendment) Bill 2021,
Passed by the Provincial Assembly of Punjab on May 18, 2021.

(2) Punjab Curriculum and Textbook Board letter No: M-48-57(A)/PSMD/2021 dated: 09.12.2021,

(3) PBCC meeting منعقدہ 13.12.2021 آئٹم نمبر 7 اور

(4) In anticipation approval of BISE Multan کی روشنی میں 9th اور 10th کلاسز میں ترجمہ قرآن as a separate compulsory subject کے طور پر introduce کرایا گیا ہے۔ لہذا اپنے تعلیمی ادارہ میں رجسٹر ہونے والے 9th کلاس کے طلباء وطالبات کو Punjab Textbook Board کی ویب سائٹ https://pctb.punjab.gov.pk پر available curriculum کے مطابق قرآن مجید کے ترجمہ کی تدریس شروع کروائیں۔ غیر مسلم امیدواران Translation of the Holy Quran کے متبادل Ethics کا امتحان دیں گے۔

## 16 طلباء وطالبات کے ذمہ واجب الادا فیس کی کلیئرنس

الحاق شدہ ادارہ جات کے سربراہان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ حسب ضابطہ اپنے ادارہ کے طلباء وطالبات کے ذمہ واجب الادا فیسوں کی کلیئرنس ساتھ ساتھ کریں۔ لیکچرز پورے ہونے کی صورت میں داخلہ ارسال کیا جائے۔ بعد ازاں طلباء وطالبات کے مستقبل کو داؤ پر لگاتے ہوئے ان کی رول نمبر سلپس جاری نہ کرنا اور امتحان میں شرکت سے محروم کرنا کسی طرح بھی مناسب نہ ہوگا۔ نوٹ کر لیں۔ اگر کسی ادارہ کی طرف سے رولنمبر سلپ جاری نہ ہونے کی وجہ سے کسی امیدوار کا کوئی پرچہ miss ہو گیا تو اس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارہ کی ہوگی۔

(خرم شہزاد اسلم قریشی)
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی:

1۔ پی ایس برائے چیئرمین۔
2۔ پی اے برائے سیکرٹری / کنٹرولر امتحانات / آڈٹ آفیسر بورڈ ہذا۔
3۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ضلع ملتان، خانیوال، وہاڑی و لودھراں۔
4۔ سیکرٹریز جملہ پنجاب بورڈز و میرپور آزاد کشمیر۔
5۔ جملہ برانچ آفیسرز بورڈ ہذا۔
6۔ پبلک ریلیشنز آفیسر (PRO) برائے تشہیر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا۔
7۔ سسٹم اینالسٹ! اس استدعا کے ساتھ کہ نوٹیفیکیشن ہذا کو بورڈ ہذا کی Official ویب سائٹ پر Upload کیا جائے۔

اسسٹنٹ سیکرٹری (رجسٹریشن)
برائے سیکرٹری

بخدمت جناب پرنسپلز / ہیڈماسٹرز / ہیڈمسٹریس / سربراہان ادارہ جات۔

Postage Prepaid